مثالی باپ۔ مرتب : مولانا محمد حنیف عبدالمجید۔ صفحات : ۴۲۲۔ قیمت :۔/ ۱۵۳ روپے

ملنے کا پتہ : زمزم پبلشرز نزد مقدس مسجد اردو بازار، کراچی۔

کسی بھی قوم کا سرمایہ بچے ہی ہوا کرتے ہیں۔ یہی بچے بڑے ہو کر معماران قوم بن جاتے ہیں۔ جب بچہ پیدا ہوتا ہے تو اس کے سامنے سب سے پہلے ماں باپ ہی ہوتے ہیں۔ والد بچے کا پہلا استاد ہوتا ہے اور اسی استاد سے وہ اچھے یا برے جذبات و اخلاق اور اطاعت یا نافرمانی کو جذب کرتا ہے اس لئے باپ کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنی اولاد کی تربیت اس ڈھنگ سے کرے کہ وہ اچھے اخلاق و کردار کا نمونہ بن جائے اور وہ اس کے رگ و ریشہ میں دین کی روح پھونک دے لیکن اس کیلئے خود بھی ایسی صفات کا حامل ہونا ضروری ہے تاکہ بچے کیلئے وہ عملی مثال بن سکے۔ زیر تبصرہ کتاب مثالی باپ میں بچوں کی صحیح اسلامی اصولوں پر تربیت کرنے اور ان کو کامل مسلمان بنانے کی اسلامی تدبیریں درج ہیں۔ فاضل مصنف نے موضوع کے متعلق تمام عنوانات پر سیر حاصل بحث کی ہے۔ کتاب کی ثقاہت کیلئے حضرت مفتی نظام الدین صاحب شامزئی کی تقریظ کافی ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆

نام کتاب : مقدمات۔ مؤلف : مولانا حافظ محمد صدیق ارکانی صاحب

ضخامت : ۱۶۸۔ قیمت : درج نہیں۔ ناشر : کتب خانہ قاسمی حضرت بلال کالونی کورنگی کراچی

فاضل مؤلف مولانا محمد صدیق صاحب ارکانی نے اس مختصر مگر جامع کتاب میں مختلف علوم مثلاً علم فقہ علم ادب، اصول فقہ، علم النحو، علم الصرف والاشتقاق، علم المنطق کے مبادیات اور اصول و قواعد سے سیر حاصل بحث کی ہے، چونکہ ہر علم میں شروع سے قبل اس کے مبادیات اصول اور قواعد سے باخبر ہونا ضروری ہے جس کے بغیر اسی علم میں بصیرت کاملہ حاصل نہیں ہو سکتی۔ چنانچہ اسی ضرورت کو محسوس کرتے ہوئے مؤلف نے متعلقہ علوم کے مبادی اس رسالہ میں جمع کئے ہیں جو کہ طلباء کیلئے بالخصوص اور مدرسین و علماء کیلئے بالعموم انتہائی مفید بلکہ ایک نہایت دلچسپ اور نادر تحفہ ہے۔ کتاب کے آخر میں رسالہ النوادر ملحق ہے جو کہ متفرق اہم علمی مضامین و مباحث پر مشتمل ہونے کیوجہ سے انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ امید ہے اہل علم اس سے پوری طرح مستفید ہوں گے۔